## سوال

(262) شوہر کو بتائے بغیر اس کی کوئی چیز نکال لینا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
اگر عورت شوہر کی لاعلمی میں اس کے گھر سے کوئی چیز اپنے میکے والوں یا دیگر اقرباء کے لیے نکال لے خواہ وہ چیز چھوٹی ہی کیوں نہ ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے حلال نہیں کہ وہ اپنے شوہروں کے گھر سے کوئی بھی چیز نکالے خواہ وہ معمولی ہی کیوں نہ ہو، ہاں اگر شوہر نے کسی چیز کی اجازت دی ہو تو پھر جائز ہے بصورت دیگر نہیں۔ اسی طرح اگر عورت شوہر کے مال سے کچھ صدقہ کرنا چاہے یا کسی کو کچھ ہدیہ دینا چاہے تو اس کی اجازت ضروری ہے اور اگر اجازت نہ ہو تو پھر اس پر واجب ہے کہ وہ اس کے مال سے کچھ نہ لے۔ (شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتاویٰ نکاح و طلاق

# ص328

محدث فتویٰ